پریس ریلیز

# وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ نے مالی سال2025ء کی پہلی ششماہی کے لیے نتائج کا اعلان کر دیا

**کراچی،پاکستان،29اگست،2025:** وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے رواں سال 2025ء کی پہلی ششماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ کمپنی نے اس ششماہی کے دوران 1.28ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا جو گزشتہ سال کے اِسی عرصے میں 1.32 ارب روپے تھا۔ بورڈ نے اُصولی طور پر انتظامیہ کو تیل کی مارکیٹنگ کے شعبے میں ممکنہ سرمایہ کاری اور حصول کے مواقع تلاش کرنے کی اجازت بھی دی جس میں ایسے منصوبوں کی فزیبلٹی اور موزونیت کا جائزہ لینا بھی شامل تھا۔

زیر جائزہ عرصہ کے دوران تیل اور گیس کا شعبہ مستحکم رہا، جس سے درآمدی بل کو قابو میں رکھنے میں مدد ملی۔ اس ماحول میں، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈنے منافع کا حصول برقرار رکھا جسے موٹر فیول کی مستحکم فروخت اور پریمیم فیولز اور لُبریکنٹس کی فروخت میں اضافے نے سہارا دیا۔

لُبریکنٹس کے کاروبار میں، جسے شیل برانڈ کے تحت چلایا جا رہا ہے، صارفین کے شعبے میں فروخت کو زرعی سیزن کے باعث تقویت ملی، جبکہ صنعتی شعبے میں اٹلس ہنڈا، ہنڈائی،اور سوزوکی کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے ترقی دیکھنے میں آئی۔ریکو ڈک کو ابتدائی سپلائیز اور سندھ اینگرو کے ساتھ معاہدے نے بھی کان کنی کے شعبے میں ترقی کی۔ اس کے علاوہ، ایک اہم صنعتی تقریب میں شیل کی ٹیکنالوجی میں قیادت کو اجاگر کیا گیا، اور سپلائی چین نے بیس آئلز کی مسابقتی فراہمی کو یقینی بنایا۔

ریٹیل کے شعبے میں، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈنے اپنے نیٹ ورک کو توسیع دیتے ہوئے 12 نئے فیول اسٹیشنز قائم کیے، 6 نئی کنوینیئنس اسٹورز کھولے، اور متعدد موجودہ سائٹس کو اپ گریڈ کیا۔کمپنی نے کسٹمر سروس اور فرنٹ لائن اسٹاف کی شمولیت کو بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل ٹولز بھی متعارف کروائے۔

ماحولیاتی، سماجی، اور گورننس کے محاذ پر، وافی انرجی پاکستان لمیٹڈنے سنہ2025ء کے لیے اپنی پہلی سسٹین ایبلٹی رپورٹ جاری کی جس میں تعلیم، صاف توانائی،صنفی مساوات، اورماحولیاتی تبدیلی کے خلاف اقدامات کو اجاگر کیا گیاتھا۔تعمیر ٹرسٹ(Tameer Trust) کے ذریعے، کمپنی نے 400 نوجوانوں کو انٹرپرینیورشپ پروگرامز میں شامل کیا، جس کے نتیجے میں 95 نئے کاروباری خیالات سامنے آئے۔ کمیونٹی اقدامات میں روڈ سیفٹی سے متعلق تعلیم اور Access to Clean Energy پروگرامز شامل تھے، جن کے تحت دیہی علاقوں میں شمسی توانائی پر مبنی سہولیات فراہم کی گئیں، جن سے 5,000 سے زائد افراد مستفید ہوئے۔کمپنی نے ملک بھر میں سیفٹی ڈے بھی منایا، جس کے ذریعے اپنی ورک فورس کی حفاظت سے وابستگی کو مزید مضبوط کیا گیا۔

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈعملی کارکردگی، حفاظت، مالی مضبوطی، اور معاشرے میں ایک ذمے دار کردار ادا کرنے کے عزم پر قائم ہے۔

***

**About Wafi Energy Pakistan Limited**

Wafi Energy Pakistan Limited (formerly Shell Pakistan Limited) is a licensee for Shell in Pakistan. Wafi Energy Pakistan is majority owned by Wafi Energy Holding Limited ("Wafi Holding").

In 2024, Wafi Holding acquired an 87.78% stake in Shell Pakistan Limited, marking its entry into the Pakistani market. This transition represents more than just a change in ownership; it signals a strategic foreign GCC investment aimed at expanding the country's energy and fuel retail industry infrastructure. It is important to note that an associated company to Wafi Holding has an agreement with Shell Brands International AG to be the sole representative of the Shell brand for fuel stations in Saudi Arabia. The strategic acquisition in Pakistan allows Wafi Holding to expand its energy business and strengthen its presence in the country, where Shell has a 77+ year history.

Wafi Energy Pakistan stands as one of the oldest and established energy partners in the industry and a leading player in the lubricants market in Pakistan. The company has a network of 600+ Shell retail sites, countrywide oil terminal facilities, Lubricants oil blending plant, and a broad portfolio of global Shell Lubricant brands including Helix, Rimula and Advance lubricants. The company is the largest private investor in the strategic White Oil Pipeline operated by Pak-Arab Pipeline Company (PAPCO). With a legacy since 1947 in the country, developing and distributing energy by land, air and sea, the company has endeavored to support Pakistan's developmental priorities.

The investment by Wafi Holding, an Arabian Gulf company, marks a significant milestone in Pakistan's energy sector. Wafi Holding's entry into Pakistan's oil marketing industry is poised to advance the competitive landscape, bringing in growth, expertise, innovative solutions, and a long-term commitment to sustainable energy development.

**For Media Queries:**

***Syntax Communications***
Faisal Mushtaq: 0321-2431568
Sheeraz Mohiuddin: 0333-223577